© rasailojaraid.com



**ماہنامہ فیض الاسلام راولپنڈی قرآن نمبر** زیر نگرانی : جناب غلام قادر غبار۔ سالانہ چندہ ۵ روپے۔ اس خاص شمارے کی قیمت دو روپے پچاس پیسے۔ مقام اجرا : انجمن فیض الاسلام، افبال روڈ، راولپنڈی۔

زیر تبصرہ شمارہ بھی نزولِ قرآن مجید کی تقریب منانے کے لیے شائع کیا گیا ہے۔ اس نمبر میں بعض معروف و مشہور اصحاب علم کی نگارشات شامل ہیں۔ معیارِ طباعت و کتابت گوارا ہے۔

---

**علوم الحدیث** تالیف : ڈاکٹر صبحی صالح پروفیسر علوم اسلامیہ، آرٹس کالج، لبنان یونیورسٹی۔ ترجمہ و تحشیہ :۔ پروفیسر غلام احمد حریری صاحب صدر شعبہ : علوم اسلامیہ، مغربی پاکستان زرعی یونیورسٹی لائل پور۔ شائع کردہ ملک برادرز پبلشرز کارخانہ بازار لائل پور۔ صفحات ۵۱۷۔ قیمت ۱۵ روپے۔

عرب مصنفین نے علمِ حدیث پر موجودہ دور میں جو چند مستند اور قابلِ اعتماد کتب تصنیف کی ہیں اُن میں یہ کتاب قابلِ قدر اضافہ ہے۔ جناب پروفیسر غلام احمد حریری صاحب نے جو ملک کے نامور عالم دین ہیں، اسے نہایت سلجھے ہوئے انداز میں اُردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ اس کتاب میں فاضل مصنف نے تاریخ تدوینِ حدیث، حجیتِ حدیث، حدیث کی قانونی اہمیت اور اصول حدیث پر بڑے مؤثر انداز میں بحث فرمائی ہے اور اُن سارے مغالطوں کو دُور کرنے کی کوشش کی ہے جو جدید ذہن میں حدیث کے بارے میں پیدا ہوتے ہیں۔ آخر میں انہوں نے طبقات رواۃ پر بھی عمدہ معلومات فراہم کی ہیں اور معروف صحابہ، کبار تابعین تبع تابعین کا تعارف پیش کیا ہے۔

اس کتاب میں جتنے موضوعات زیر بحث آئے ہیں اُن میں ہر ایک پر ہمارے اسلاف نے بڑا جاندار مواد فراہم کیا ہے لیکن کوئی ایک کتاب بھی ایسی نہیں جس میں یہ سارے موضوعات یکجا موجود ہوں۔ کالج اور یونیورسٹی کے طلبا کے لیے یہ کتاب، خاص طور پر مفید ہے۔ عام قارئین بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس کے مطالعے سے وہ سارا عظیم الشان سامنے آجاتا ہے۔ جو حضور سرورِ کائنات کی تعلیمات کو پوری صحت کے ساتھ محفوظ کرنے اور آگے پہنچانے کے لیے قائم کیا گیا ہے۔

© rasailojaraid.com